احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 8 مارچ 2007ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 8 مارچ 2007ء 18 صفر 1428 ہجری 8 امان 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 52

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف حکمتوں اور معارف کا جامع ہے اور وہ رطب ویابس فضولیات کا کوئی ذخیرہ اپنے اندر نہیں رکھتا۔ ہر ایک امر کی تفسیر وہ خود کرتا ہے اور ہر ایک قسم کی ضرورتوں کا سامان اس کے اندر موجود ہے۔ وہ ہر ایک پہلو سے نشان اور آیت ہے۔ اگر کوئی اس امر کا انکار کرے تو ہم ہر پہلو سے اس کا اعجاز ثابت کرنے اور دکھلانے کو تیار ہیں۔ آجکل توحید اور ہستی الٰہی پر بہت زور آور حملے ہو رہے ہیں..........

اگر کوئی شخص قرآن کریم کے اس معجزہ کا انکار کرے تو ایک ہی پہلو سے ہم آزما لیتے ہیں۔ یعنی اگر کوئی شخص قرآن کریم کو خدا تعالیٰ کا کلام نہیں مانتا، تو اس روشنی اور سائنس کے زمانہ میں ایسا مدعی خدا تعالیٰ کی ہستی پر دلائل لکھے بالمقابل ہم وہ تمام دلائل قرآن کریم ہی سے نکال کر دکھلا دیں گے اور اگر وہ شخص توحید الٰہی کی نسبت دلائل قلمبند کرے تو وہ سب دلائل بھی ہم قرآن کریم ہی سے نکال کر دکھا دیں گے۔ پھر وہ ایسے دلائل کا دعویٰ کر کے لکھے جو قرآن کریم میں نہیں پائے جاتے یا ان صداقتوں اور پاک تعلیموں پر دلائل لکھے جن کی نسبت اس کا خیال ہو کہ وہ قرآن کریم میں نہیں ہیں۔ تو ہم ایسے شخص کو واضح طور پر دکھلاویں گے کہ قرآن شریف کا دعویٰ.......... (البینۃ:4) کیسا سچا اور صاف ہے اور یا اصل وفطرتی مذہب کی بابت دلائل لکھنا چاہے تو ہم ہر پہلو سے قرآن کریم کا اعجاز ثابت کر کے دکھلا دیں گے اور بتلا دیں گے کہ تمام صداقتیں اور پاک تعلیمیں قرآن کریم میں موجود ہیں۔

الغرض قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے جس میں ہر ایک قسم کے معارف اور اسرار موجود ہیں۔

اعجاز کی خوبی اور وجہ تو یہی ہے کہ ہر ایک قسم کی رعایت کو زیر نظر رکھے۔ فصاحت اور بلاغت بھی ہاتھ سے جانے نہ دے۔ صداقت اور حکمت کو بھی نہ چھوڑے۔ یہ معجزہ صرف قرآن شریف ہی کا ہے۔ جو آفتاب کی طرح روشن ہے اور ہر پہلو سے اپنے اندر اعجازی طاقت رکھتا ہے۔ انجیل کی طرح محض زبانی ہی جمع خرچ نہیں کہ ''ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسری بھی پھیر دو۔'' یہ لحاظ اور خیال نہیں کہ ایسی تعلیم حکیمانہ فعل سے کہاں تک تعلق رکھتی ہے اور انسان کی فطرت کا لحاظ اس میں کہاں تک ہے؟

اس کے مقابل میں قرآن کریم کی تعلیم پڑھیں گے، تو پتہ لگ جائے گا کہ انسان کے خیالات اس طرح ہر پہلو پر قادر نہیں ہو سکتے اور ایسی مکمل اور بے نقص تعلیم جیسی کہ قرآن شریف کی ہے۔ زمینی دماغ اور ذہن کا نتیجہ نہیں ہو سکتی۔ (ملفوظات جلد اول ص 53،52)

لوگ قرآن شریف پڑھتے ہیں۔ مگر طوطے کی طرح یونہی بغیر سوچے سمجھے چلے جاتے ہیں۔ جیسے ایک پنڈت اپنی پوتھی کو اندھا دھند پڑھتا جاتا ہے۔ نہ خود سمجھتا ہے اور نہ سننے والوں کو پتہ لگتا ہے۔ اسی طرح پر قرآن شریف کی تلاوت کا طریق صرف یہ رہ گیا ہے کہ دو چار سپارے پڑھ لیے اور کچھ معلوم نہیں کہ کیا پڑھا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ سُر لگا کر پڑھ لیا اور ق اور ع کو پورے طور پر ادا کر دیا۔ قرآن شریف کو عمدہ طور پر اور خوش الحانی سے پڑھنا بھی ایک اچھی بات ہے، مگر قرآن شریف کی تلاوت کی اصل غرض تو یہ ہے کہ اس کے حقائق اور معارف پر اطلاع ملے اور انسان ایک تبدیلی اپنے اندر پیدا کرے۔

یہ یاد رکھو کہ قرآن شریف میں ایک عجیب وغریب اور سچا فلسفہ ہے۔ اس میں ایک نظام ہے جس کی قدر نہیں کی جاتی۔ جب تک نظام اور ترتیب قرآنی کو مد نظر نہ رکھا جاوے اور اس پر پورا غور نہ کیا جاوے، قرآن شریف کی تلاوت کے اغراض پورے نہ ہوں گے۔

(ملفوظات جلد اول ص 284

مجھے یاد دلایا ہے

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ام الفضل بنت حارث نے مجھے سورۃ المرسلات پڑھتے ہوئے سنا تو کہنے لگیں بیٹے تم نے مجھے یہ سورۃ پڑھ کر یاد دلایا ہے کہ یہ آخری سورۃ تھی جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مغرب کی نماز میں سنی۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب القراءۃ فی المغرب حدیث نمبر721)

محترم مولانا منیر احمد صاحب عارف کو سپرد خاک کر دیا گیا

۞ جیسا کہ احباب جماعت کو اطلاع دی جا چکی ہے کہ جماعت احمدیہ کے دیرینہ خادم، مربی سلسلہ اور سابق استاد جامعہ احمدیہ ربوہ محترم مولانا منیر احمد صاحب عارف مورخہ 4 مارچ 2007ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک وفات پا گئے تھے۔ ان کی نماز جنازہ مورخہ 6 مارچ 2007ء کو بعد نماز عصر بیت مبارک ربوہ میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی۔ آپ موصی تھے چنانچہ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے دعا کروائی۔ مرحوم کے ایک بیٹے مکرم سعید احمد صاحب لندن اور بیٹی مکرمہ فوزیہ داؤد صاحبہ اہلیہ مکرم داؤد احمد صاحب کینیڈا تدفین کے وقت تشریف نہ لا سکے۔ جبکہ آپ کے بیٹے مکرم جمیل احمد صاحب طیب جرمنی اور مکرم نصیر احمد عارف صاحب جرمنی سے تدفین کیلئے ربوہ آئے۔ آپ کے بھائی مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب نائب امیر جرمنی بھی تدفین کے سلسلہ میں ربوہ تشریف لائے تھے۔

(باقی صفحہ 12 پر)

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا کنونشن

۞ تمام احمدی میڈیکل پروفیشنلز (میڈیکل و ڈینٹل ڈاکٹرز وسٹوڈنٹس) کی آگاہی کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کا پہلا کنونشن ربوہ میں 8۔ اپریل 2007ء کو کروایا جا رہا ہے تمام میڈیکل پروفیشنلز سے گزارش ہے کہ وہ فوری طور پر سیکرٹری ایسوسی ایشن کو اپنے کوائف مع پتہ وفون نمبرز سے مطلع کریں۔ تاکہ ان کو دعوت نامے بھجوا سکیں۔ نیز اپنی تجاویز ومشورے مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ کریں۔

ڈاکٹر سلطان احمد مبشر (سیکرٹری ایسوسی ایشن)
فضل عمر ہسپتال ربوہ فون: 047-6211373
6213970,6213909,6215646
فیکس:047-6212659
ای میل:amapak@gmail.com
(سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

سوموار 12 مارچ 2007ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-00 am	عملی اسٹرانومی
1-35 am	ایم۔ ٹی۔ اے جماعتی خاص خبریں
2-10 am	گلشن وقف نو (ناصرات)
3-30 am	دورہ حضور انور
3-00 am	علمی خطابات
5-10 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-10 am	عربی سیکھئے
7-40 am	خطبہ جمعہ
8-40 am	سوال و جواب
9-30 am	علمی خطابات
10-30 am	عملی اسٹرانومی
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-20 pm	بستان وقف نو
1-20 pm	فرنچ پروگرام
2-00 pm	ملاقات پروگرام
3-05 pm	انڈونیشین سروس
4-20 pm	آئینہ، مذاکرہ پروگرام
5-00 pm	تلاوت۔ درس حدیث۔ خبریں
7-00 pm	خطبہ جمعہ
8-05 pm	بستان وقف نو
9-05 pm	طب وصحت کی باتیں
10-05 pm	فرنچ پروگرام
11-30 pm	عربی سروس

منگل 13 مارچ 2007ء

12-35 am	لقاء مع العرب
1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	بستان وقف نو
3-10 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
5-45 am	سیرت صحابہ رسولؐ
6-25 am	لقاء مع العرب
7-40 am	خطبہ جمعہ
9-55 am	طب وصحت کی باتیں
11-00 am	تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	عربی سیکھئے
1-50 pm	سوال و جواب
2-35 pm	سیرت النبیؐ
3-05 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سندھی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
6-00 pm	بنگالی پروگرام
7-00 pm	جلسہ سالانہ
8-00 pm	ربوہ
8-35 pm	عربی سیکھئے
9-00 pm	سیرت النبیؐ
10-40 pm	سوال و جواب
11-30 pm	عربی سروس

بدھ 14 مارچ 2007ء

1-30 am	ایم۔ ٹی۔ اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-25 am	سیرت النبیؐ
3-55 am	خطاب حضور انور
5-00 am	تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
6-05 am	عربی سیکھئے
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	خطاب حضور انور
8-35 am	سوال و جواب
9-35 am	سیرت النبیؐ
10-15 am	ربوہ
11-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-15 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
1-45 pm	سوال و جواب
2-50 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	سواحیلی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-30 pm	بنگالی سروس
7-30 pm	علمی خطابات
8-20 pm	تقریر جلسہ سالانہ
8-50 pm	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
9-20 pm	گلشن وقف نو
10-25 pm	سوال و جواب
11-30 pm	عربی سروس

یتامیٰ کی خبرگیری

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

"یتیم کی طرف توجہ نہ کرنا قوم کو تنزل کی طرف لے جاتا ہے۔"

(تفسیر کبیر جلد 10 صفحہ 219)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

پانچویں سالانہ کھیلیں 2007ء

(جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ)

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ کو محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 26 تا 28 فروری 2007ء اپنی پانچویں سالانہ کھیلوں کے انعقاد کی توفیق ملی۔ ان کھیلوں کا افتتاح مورخہ 26 فروری 2007ء کو محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے اپنی قیمتی نصائح کے ساتھ فرمایا اور اجتماعی دعا کروائی۔

ان کھیلوں کیلئے طلبہ کو چار گروپوں، امانت، دیانت صداقت اور شجاعت میں تقسیم کیا گیا۔ ان گروپوں کے مابین 2 دسمبر 2006ء تا 25 جنوری 2007ء ابتدائی اجتماعی مقابلہ جات کروائے گئے جن میں فٹ بال، والی بال، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، رنگ، میروڈبہ، رسہ کشی، کرکٹ اور باڑی شامل ہیں اور ان مقابلہ جات میں پہلے دو گروپوں کے مابین ان تین دنوں میں فائنل مقابلہ جات کروائے گئے۔

گروپوں کے ان اجتماعی مقابلہ جات کے علاوہ مورخہ 26 جنوری تا 11 فروری 2007ء طلبہ کے ابتدائی انفرادی مقابلہ جات بھی کروائے گئے۔ جن میں دوڑ سو میٹر، دوڑ تین ٹانگ، کلائی پکڑنا، سلو سائیکلنگ، لمبی چھلانگ، اونچی چھلانگ، ہاپ سٹپ اینڈ جمپ، ثابت قدمی، نیزہ پھینکنا گولہ پھینکنا، تھالی پھینکنا اور نشانہ غلیل شامل ہیں۔ اور ان تین دنوں میں ان کے فائنل مقابلہ جات کروائے گئے اسی طرح طلباء کے مابین ان تین دنوں میں دوڑ سولہ سو میٹر، مشاہدہ معائنہ اور روک دوڑ کے مقابلے بھی کروائے گئے۔ اس کے علاوہ ان مقابلہ جات سے قبل اولیٰ اور ممہدہ کے طلبہ کے مابین مختلف تواریخ میں الگ الگ 15 کلومیٹر کراس کنٹری دوڑ، 27 کلومیٹر سائیکل ریس اور ساڑھے سات کلومیٹر تیز چلنے کے مقابلہ جات بھی کروائے گئے۔ ان مقابلہ جات کے علاوہ کارکنان کے مابین رسہ کشی کا مقابلہ اسی طرح اساتذہ کے مابین رسہ کشی، کرکٹ اور والی بال کے مقابلے کروائے گئے نیز مہمانان اور اساتذہ کا ایک میوزیکل چیئر کا بھی مقابلہ ہوا جو کہ بہت دلچسپی کا باعث ہوا۔

مورخہ 28 فروری کو اختتامی و تقسیم انعامات کی تقریب نور ہال جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن میں منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید تھے۔ تلاوت و نظم کے بعد انہوں نے اعزاز پانے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے۔ اس سال کے بہترین گروپ کا اعزاز صداقت اور دیانت گروپس کو ملا جبکہ مکرم واصل محمود صاحب درجہ اولیٰ بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے طلبہ کو نصائح کیں اور دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

تقریب آمین

مورخہ 14 فروری 2007ء کو بعد از نماز عشاء نماز سنٹر حلقہ کریم پارک لاہور میں سجاد احمد ولد مکرم ذوالفقار علی صاحب بلال گنج لاہور کی تقریب آمین منعقد ہوئی۔ مکرم منیر احمد جاوید صاحب صدر حلقہ بھاٹی گیٹ لاہور نے بچے سے قرآن کریم سنا۔ بعد از دعا تقریب آمین اختتام کو پہنچی۔ عزیز موصوف مکرم شوکت علی صاحب مرحوم کا پوتا اور مکرم مشتاق احمد صاحب فیصل آباد کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ ہم سب قرآن کریم کی تعلیمات سے کما حقہ مستفیض ہونے والے ہوں۔ آمین

ولادت

مکرم ماسٹر غلام محمد صاحب بلوچ آف نوکوٹ ضلع میرپور خاص حال حیدرآباد تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 15 فروری 2007ء کو میرے بیٹے مکرم غلام مصباح صاحب بلوچ مربی سلسلہ کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام ایمن مصباح تجویز ہوا ہے بچی مکرم محمد یعقوب مجوکہ صاحب صدر جماعت جوہر آباد ضلع خوشاب کی نواسی ہے۔ نومولودہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ احباب جماعت سے بچی کی درازی عمر اور صحت وسلامتی اور دین و دنیا میں کامیابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

نظارت تعلیم نے پاکستان کے تمام سیکرٹریان تعلیم کو ماہ جنوری 2007ء میں ایک عدد کوائف فارم ارسال کیا تھا اور یہ ہدایت کی گئی تھی کہ یہ کوائف نظارت ہذا کو یکم مارچ 2007ء تک واپس ارسال فرمائیں ان کوائف کے سلسلہ میں بطور یاددہانی تحریر ہے کہ جن سیکرٹریان نے ابھی تک کوائف فارم نہیں بھجوائے وہ جلد از جلد کوائف اکٹھے کر کے نظارت کو ارسال فرمائیں اگر کسی سیکرٹری تعلیم کو متعلقہ کوائف فارم نہیں مل سکا وہ نظارت ہذا کو فون نمبر :047-6212473 پر اطلاع دیں تا کہ ان کو فوری طور پر کوائف فارم ارسال کیا جا سکے۔ امید ہے کہ تمام سیکرٹریان تعلیم اس سلسلہ میں تعاون فرمائیں گے۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت سید تفضل حسین صاحب اٹاوی

میں نے اُن کے دل کی طرف توجہ کی تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ درحقیقت نیک فطرت آدمی اور سعیدوں میں سے ہیں۔ (حضرت مسیح موعود)

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

حضرت مسیح موعود کی پہلی انقلاب آفریں کتاب براہین احمدیہ جب منظر عام پر آئی تو طالبان حق کی ایک کثیر تعداد آپ کی اس شہرہ آفاق تصنیف کی وجہ سے آپ کی معتقد ہو چکی تھی انھیں معتقدین میں ایک حضرت سید تفضّل حسین صاحب بھی تھے جو اصل میں خاص اٹاوہ شہر کے باشندے تھے لیکن اپنی ملازمت کے سلسلے میں علی گڑھ میں مقیم تھے۔

بیعت

چونکہ براہین احمدیہ کے وقت سے آپ حضور کے معتقد ہو چکے تھے اس لیے حضرت اقدس کے دعویٰ ماموریت پر فوراً ایمان لے آئے اور کسی قسم کے تردّد میں مبتلا نہ ہوئے، چنانچہ آپ نے 7 اپریل 1889ء کو حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کی توفیق پائی حضور ان دنوں خود علی گڑھ کے سفر پر تھے۔ آپ کی بیعت کا اندراج رجسٹر بیعت اولیٰ میں محفوظ ہے:

78۔ یکشنبہ 7 اپریل 1889ء مولوی محمد تفضّل حسین صاحب علی گڑھ ولد الطاف حسین صاحب مرحوم رئیس اٹاوہ سرشتہ دار کلکٹر

بیعت کے وقت آپ علی گڑھ میں دفتر ضلع میں بطور سپرنٹنڈنٹ ملازمت کر رہے تھے۔

حضرت مسیح موعود کا سفر علی گڑھ

حضرت سید تفضّل حسین صاحب نے کئی مرتبہ حضرت اقدس کی خدمت میں علی گڑھ تشریف لانے کے لیے گذارش کی تھی آخر حضور کے مجسم کریم و شفیق وجود نے ان کی دعوت کو قبول فرمایا اور اپریل 1889ء میں آپ علی گڑھ تشریف لے گئے اور حضرت سید صاحب کے ہاں ہی ٹھہرے، علی گڑھ میں ایک تحصیلدار نے جو آپ کے واقف تھے، حضرت اقدس کی دعوت کی اور شہر کے دوسرے معززین کو بھی مدعو کیا۔ حضرت اقدس علی گڑھ میں قریبًا ایک ہفتہ قیام فرما رہے اور پھر واپس تشریف لے آئے۔

(حیات احمد جلد سوم حصہ اول 1889 تا 1892ء صفحہ 29-36 از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب)

حضرت سید صاحب نے حضور کے اسی سفر کے دوران بیعت کی توفیق پائی، حضور کا یہ سفر علی گڑھ کا واحد سفر تھا حضور اپنے اس سفر میں حضرت سید صاحب کی خدمت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

حبّی فی اللہ مولوی محمد تفضّل حسین صاحب.... یہ عاجز جب علیگڑھ میں گیا تھا تو درحقیقت مولوی صاحب ہی میرے جانے کے باعث ہوئے تھے اور اس قدر انھوں نے خدمت کی کہ میں اس کا شکریہ ادا نہیں کرسکتا...

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 543)

آپ کے اخلاص کا ذکر

آپ نے حضرت اقدس کے ساتھ تعلق وفا اور اخلاص میں بہت ترقی کی اور حضور کی تحریکات پر فوراً لبیک کہا، چنانچہ ابتدائے احمدیت میں لکھی جانے والی کتاب ازالہ اوہام میں حضور نے اپنے بعض مبائعین اور اس سلسلہ کے معاونین کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

....اب میں اُن مخلصوں کا نام لکھتا ہوں جنھوں نے حتی الوسع میرے دینی کاموں میں مدد دی یا جن پر مدد کی امید ہے یا جن کو اسباب میسر آنے پر طیار دیکھتا ہوں.

آپ کا ذکر کرتے ہوئے حضور نے فرمایا:

(39) حبّی فی اللہ مولوی محمد تفضّل حسین صاحب مولوی صاحب ممدوح میرے ساتھ سچے دل سے اخلاص و محبت رکھتے ہیں میں نے اُن کے دل کی طرف توجہ کی تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ درحقیقت نیک فطرت آدمی اور سعیدوں میں سے ہیں اور قابل ترقی مادہ اپنے اندر رکھتے ہیں اگر وہ بشریت کی کمزوری کی وجہ سے کسی خلجان میں پڑیں تو میں امید نہیں رکھتا کہ اسی میں وہ بند رہ جائیں کیونکہ ان کی طینت صاف اور فراست ایمانی اور (دین حق) کے نور کا ان کو حصہ ہے اور کسی امر کے مشتبہ ہونے کے وقت قوت فیصلہ اپنے اندر رکھتے ہیں اور اس لائق ہیں کہ اگر وہ کچھ عرصہ صحبت میں رہیں تو علمی اور عملی طریقوں میں بہت ترقی کر جائیں۔ مولوی صاحب موصوف ایک بزرگ عارف باللہ کے خلف رشید ہیں اور پدری نور اپنے اندر مخفی رکھتے ہیں اور امید کی جاتی ہے کہ کسی وقت وہ روحانیت اُن پر غالب ہو جائے۔ یہ عاجز جب علیگڑھ میں گیا تھا تو درحقیقت مولوی صاحب ہی میرے جانے کے باعث ہوئے تھے اور اس قدر انہوں نے خدمت کی کہ میں اس کا شکریہ ادا نہیں کر سکتا۔ اس سلسلہ کے چندہ میں بھی انھوں نے دو روپیہ ماہواری مقرر کر رکھے ہیں۔ مولوی صاحب موصوف اگرچہ تحصیلداری کے عہدے پر ہیں مگر ایک بھاری بوجھ عیال کا ان کے سر پر ہے اور وہ دور و نزدیک کے خویشوں اور اقارب بلکہ دوستوں کی بھی اپنے مال سے مدد کرتے ہیں اور بڑے مہمان نواز ہیں اور درویشوں اور فقیروں اور غریبوں سے بالطبع اُنس رکھتے ہیں اور سادہ طبع اور صاف باطن اور خیر اندیش آدمی ہیں باایں ہمہ ہمدردی (دین حق) کا جوش پورے طور پر اُن میں پایا جاتا ہے۔ جزاھم اللہ خیراً

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 543)

مالی قربانیاں

سلسلہ احمدیہ کے قائم ہونے سے جو مالی قربانیوں کے تقاضے سامنے آئے تو آپ نے بھی مسابقت کا جذبہ دکھایا اور سلسلہ کی ضروریات کے لیے چندہ دینے کا باقاعدہ اہتمام کیا، حضرت مسیح موعود نے ازالہ اوہام میں ''اور چندہ دہندوں کے نام معہ تفصیل چندہ یہ ہیں'' کے تحت دیے گئے اسماء میں آپ کا ذکر بھی فرمایا ہے

17 مولوی سید تفضّل حسین صاحب تحصیلدار علی گڑھ (دو روپے)

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 546)

یہ آپ کا ماہوار چندہ تھا اسی طرح حضور اپنی تالیفات کی اشاعت کے سلسلے میں بھی احباب جماعت کو تحریک فرماتے رہتے چنانچہ اپنی کتاب ''نشان آسمانی'' کے لیے بھی حضور نے بذریعہ خط بعض دوستوں کو توجہ دلائی اس سلسلے میں حضور نے آپ کے نام بھی دو خط روانہ فرمائے جس پر آپ نے فوراً لبیک کہا۔ حضور نے کتاب نشان آسمانی کے آخر میں ''رسالہ نشان آسمانی کی امداد طبع کے لئے جو مخلص دوستوں کی طرف خط لکھے گئے ان کا خلاصہ جواب'' کے تحت سب سے پہلا خط آپ ہی کا درج فرمایا ہے:

خلاصۂ خط اخویم مولوی تفضّل حسین صاحب تحصیلدار علیگڑھ ضلع فرخ آباد سلمہٗ اللہ تعالیٰ

دو والا نامے بندگانِ عالی شرف ورود لائے باعثِ عزّت ہوئے۔ مجھ کو بہت شرم ہے کہ عرصہ سے مَیں نے کوئی عریضہ حضور میں نہیں بھیجا مگر ہر وقت یاد بندگان والا میں رہا کرتا ہوں۔ حضور کا نام نامی میرا وظیفہ ہے اور اکثر حضور کی کتب دیکھا کرتا ہوں اور ان کو ذریعہ بہتری دارین سمجھتا ہوں پچاس جلد رسالہ نشان آسمانی یا جس قدر حضور خود چاہیں میرے پاس بھجوا دیں میں ان کو خرید لوں گا اور اپنے دوستوں میں تقسیم کر دوں گا مجھے حضور کی کتابوں کی اشاعت سے دلی خوشی پہنچتی ہے اور میرے سب اہل عیال خوشی اور اچھے ہیں اور حضور کو یاد کرتے ہیں۔

عریضہ نیاز کمترین تفضّل حسین از علیگڑھ ضلع فرخ آباد 31 مئی 1892ء

مولوی صاحب موصوف چندہ امدادی دیتے ہیں اور امداد کے طور پر اپنی تنخواہ میں سے رقم کثیر دے چکے ہیں۔

(نشان آسمانی، روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 406)

الحکم 24 جولائی 1901ء صفحہ 16 میں آپ کے مساکین فنڈ میں پانچ روپے چندہ کا اندراج موجود ہے۔

313 رفقاء میں شمولیت کا شرف

حضور نے اپنی کتاب انجام آتھم میں اپنے 313 رفقاء کی ایک فہرست درج کی ہے آپ کا نام 137 نمبر پر موجود ہے:۔

1 3 7۔ مولوی سید تفضّل حسین صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ۔ علیگڑھ ضلع فرخ آباد

(انجام آتھم، روحانی خزائن جلد نمبر 11 صفحہ 327)

اس کے علاوہ حضور کی دیگر کتب میں بھی آپ کا ذکر محفوظ ہے، ازالہ اوہام اور نشان آسمانی کا ذکر آچکا ہے۔ کتاب آریہ دھرم کے آخر میں حضور نے تقریبًا 700 افراد کے نام درج فرمائے ہیں جس میں بلاد متفرقات کے تحت آپ کا نام بھی ''سید تفضّل حسین صاحب تحصیلدار شکوہ آباد ضلع مین پوری'' مذکور ہے۔

(روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 94 کالم 1)

پھر حضور نے اپنے ایک اشتہار (24 فروری 1898ء) میں اپنی جماعت کے 316 احباب کے نام گورنمنٹ کو پیش کیے ہیں جس میں آپ کا نام چھٹے نمبر پر موجود ہے۔ (کتاب البریہ، روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 350) اسی طرح حضور نے اپنی کتاب آئینہ کمالات اسلام حصہ عربی میں '' ذکر بعض الانصار۔ شکرًا لنعمة اللّٰہ الغفار '' کے تحت اپنے چند رفقاء کا ذکر کیا ہے جس میں آپ کو ''حبّی فی اللہ السید محمد تفضّل حسین اتاوی'' کے الفاظ سے یاد کیا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 582 حاشیہ)

حضرت ذوالفقار علی خان گوہر صاحب کی بیعت

حضرت مسیح موعود کے مشہور و جلیل القدر رفیق حضرت خان صاحب ذوالفقار علی خان صاحب گوہر آپ ہی کے ذریعہ داخل احمدیت ہوئے۔ حضرت گوہر صاحب نے سب سے پہلے حضور کا ذکر اخبار ریاض الاخبار گورکھپور میں پڑھا جس میں الیگزینڈر رسل ویب کے نام حضور کے ایک خط کا ذکر تھا اس کے بعد 1889ء میں آپ علی گڑھ چلے گئے جہاں آپ کی ملاقات حضرت سید تفضّل حسین صاحب سے ہوئی جن کی صحبت میں رہ کر آپ کو سلسلہ احمدیہ کی طرف صحیح رہنمائی ملی۔ حضرت گوہر صاحب فرماتے ہیں:۔

....کالج سے نکل کر ملازمت کی فکر دامن گیر ہوئی، اٹاوہ گیا اور کالج کا رنگ لے کر گیا۔ لیکچروں، نظموں اور کھیل و تفریح میں ایام گذاری کی۔ مولوی بشیر الدین صاحب مالک و ایڈیٹر ''البشیر'' اٹاوہ کے مکان میں ایک ضرورت خاص سے کچھ دن قیام پذیر رہا۔

حضرت تفضّل حسین صاحب سے ملاقات

ایک سادہ مزاج انسان، لباس صاف مگر سادہ،

سانولا رنگ، چھریرہ جسم متین چہرہ تشریف لائے، ایڈیٹر صاحب ''البشیر'' نے مجھ سے ان کا تعارف مستہزانہ لب ولہجہ میں کرایا ''آپ قادیانی ہیں تفضّل حسین صاحب شکوہ آباد ضلع مین پوری میں تحصیلدار ہیں''۔ میں پہلے تو معمولی طریق سے کھڑے ہو کر مصافحہ کر کے خاموش بے تعلق سا بیٹھ گیا تھا مگر اس تعارف کے بعد میں کھڑا ہوا اور پھر نہایت ادب سے مصافحہ کیا اور عرض کیا ''حضرت مرزا صاحب کا احترام میرے دل میں کافی ہے، عین سعادت ہے کہ آپ کی زیارت نصیب ہوئی۔'' ایڈیٹر صاحب کا چہرہ حیرت کی تصویر تھا، منہ کھلا ہوا اور لب خشک، مجھے گھبرائی ہوئی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے .... مولوی تفضّل حسین صاحب مرحوم و مغفور حضرت کے بہت پرانے (رفیق) تھے اور ان کا عشق سلسلہ کے ساتھ مجنونانہ رنگ رکھتا تھا، حضرت اقدس علی گڑھ ان کی وجہ سے تشریف فرما ہوئے تھے جو اس زمانہ میں کم نظر آتا تھا بہت ہی محبت سے مجھ سے ملے اور فرمایا میرا گھر اسی شہر میں ہے کوئی شے درکار ہو تو منگوا لیا کرنا، وہ وقت گذر گیا پھر ان سے ملاقات عرصہ تک نہ ہو سکی۔

دوبارہ ملاقات

1900ء میں اکتوبر میں تار پر حکم پہنچنے پر بھونگاؤں تحصیل میں نائب تحصیلدار ہو کر تین ماہ کے لیے گیا، تحصیلدار مولوی تفضّل حسین صاحب تھے ہم دونوں کو جو خوشی حاصل ہوئی وہ ہر احمدی اندازہ کر سکتا ہے۔ تحصیل بہت بڑی تھی بارہ تحصیلوں سے حدود ملتے۔ تین سال میں 6 ماہ کے لیے دو تحصیلدار دو نائب تحصیلدار رہتے تھے اب صرف ہم دو تھے ان کے پاس مقدمات کی یہ کثرت تھی کہ ساٹھ ساٹھ فیصلے روزانہ لکھ کر سنا دیتے تھے تحصیل کا سارا کام مجھ پر چھوڑ دیا تھا میں نے خدا کے فضل سے تین ماہ میں مالگذاری سب بے باق کرا دی اور تمام عملے کا معائنہ کر کے ان کو درست کر دیا رشوت کا بازار سرد پڑ گیا..... میری مدت نومبر کے اخیر میں ختم ہوتی تھی مگر تحصیل میں چارج لیتے ہی بعد وقت کچہری تحصیلدار صاحب مرحوم نے ازالہ اوہام مجھے دیا اور کہا کہ ہمیں پڑھ کر سناؤ میں ان کے مردانہ نشست میں رہتا تھا کیونکہ تنہا تھا میرے لیے جو مکان تھا اُسے میں نے استعمال نہیں کیا، ازالہ اوہام دو تین دن میں ختم کر دی یہ پہلی تصنیف حضرت مسیح موعود کی تھی جو میری نظر سے گذری .... ازالہ اوہام کے مطالعہ نے تسکین کر دی اور بیعت کا سوال دل میں فورًا پیدا ہو گیا میں نے استخارہ کیا ...... اب میں نے قصبہ بھونگاؤں میں (دعوت الی اللہ) شروع کر دی شرفائے قصبہ کہنے لگے کہ تحصیلدار صاحب کے ماتحت لوگ محض ان کے خوش رکھنے کے لیے عقیدت بدل لیتے ہیں بعد میں پھر ویسے ہی ہو جاتے ہیں اور ایک حکیم صاحب کی نظیر بھی پیش کی جو اٹاوہ کے تھے اور بعد میں فرخ آباد جا کر سلسلہ کے مخالف ہو گئے میں نے اس کے جواب مناسب دیے لیکن میں نے ایسا محسوس کیا کہ یہ اثر ان پر غالب ہے، استدلال کا جواب وہ کبھی نہ دے سکے بعض لوگ متاثر تھے ..... ایک دن تحصیلدار صاحب (مراد حضرت تفضّل حسین صاحب) مرحوم و مغفور نے فرمایا کہ بیعت کا خط کیوں نہیں بھیج دیتے ہو میں نے کہا کہ میں تو بیعت کر چکا ہوں (داعی الی اللہ) بنا ہوا ہوں رسمی خط ابھی نہیں بھیجا ہے کسی مصلحت سے فرمایا یہ تو نفاق ہے مجھے اس لفظ سے بہت تکلیف ہوئی میں نے کہا کہ آپ اپنے عہدہ سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں میری حالت کو نفاق سے اگر کوئی دوسرا تعبیر کرتا تو بہت سخت جواب پاتا یہ کہہ کر میں اٹھ کھڑا ہوا اور اپنا اسباب ان کی مردانہ نشست سے اٹھا کر اپنے مکان میں رکھ لیا دوسرے دن صبح ہی کو انھوں نے معذرت کا پرچہ لکھا اور معافی کی خواہش کی میں نے ان کے محسن ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے ادب و احترام سابق کو پیش کیا وہ میرے پاس فورًا آ گئے اور زبانی عذر کرنے لگے میں نے وجہ عدم تحریر خط بیعت ہنوز ان سے مخفی رکھی۔ میں نے اسی شب میں کہ صبح اس تحصیل کو چھوڑ رہا تھا ایک چوورقہ خط اپنے مفصل حال کا حضرت مسیح موعود کو لکھا اور عرض کیا کہ میرا ایمان ہے کہ حضور کا دعویٰ برحق اور صحیح ہے .... حضور اقدس نے قبولیت بیعت کا اظہار فرمایا .... یہ خط لکھ کر مولوی صاحب مرحوم کو جو 7 میل کے فاصلہ پر مصروف تحقیقات سرکاری تھے، دے دیا اور عرض کیا کہ اس نے بیعت کو بدنام ہونے سے بچانا تھا .... یہ بیعت کا پروانہ آغاز دسمبر 1900ء میں ملا تھا 1904ءمیں گورداسپور دوران مقدمہ کرم دین میں حضور کی دست بوسی اور زیارت نصیب ہوئی .... یہ ہے میری بیعت کی ابتدا، اللہ اللہ مڈل سکول چھوڑ کر روانگی کہ انگلستان جانا ہے، واپسی پر رام پور کی امیدواری، پھر یہاں سے بیزاری، پھر تعلیم جاری رکھنے کے لیے بریلی جانا.... کس طرح پریس میں جانا اور اخبارات کا مطالعہ پر مجبور ہونا اور پہلے ہی اخبار کے پہلے ہی مضمون کا تیر دل پر پڑنا اور ارادہ الٰہی کے ماتحت شکار ہو جانا پھر کشاں کشاں بھونگاؤں پہنچنا اور ایک رفیق مسیح موعود کی صحبت سے دعاوی کا صحیح علم و استدلال پا کر بیعت کا شرف حاصل کرنا یہ سب ایک عجیب ڈرامہ سا معلوم ہوتا ہے....

(الحکم 7 اکتوبر 1934ء صفحہ 11,12)

حضرت منشی صادق حسین صاحب ولد حکیم وارث علی صاحب یکے از 313 (بیعت 7 اپریل 1889ء) بھی آپ کے ذریعہ داخل احمدیت ہوئے اور حضور کے سفر علی گڑھ کے موقع پر ہی بیعت کی۔

حضرت تفضّل حسین صاحب غالبًا 1896ء میں تحصیل بھوگام میں بطور تحصیلدار متعین ہوئے آپ کی دعوت الی اللہ سے (قاضی شاد بخت صاحب کے دادا) قاضی تونگر علی صاحب نے (جن کی وفات 1928ء کے قریب ہوئی) احمدیت قبول کی لیکن حضرت مسیح موعود کی زیارت کا موقعہ نہیں پایا......

(رفقاء احمد جلد دہم صفحہ 195 از ملک صلاح الدین صاحب ایم اے)

قادیان میں آمد

فروری 1904ء میں آپ ایک لمبے عرصے کے بعد قادیان تشریف لائے اور حضرت اقدس کی خدمت میں حاضری دی، ایڈیٹر صاحب اخبار البدر آپ کے ورود قادیان کے ذکر میں لکھتے ہیں:

سید تفضّل حسین صاحب تحصیلدار پنشنر و رئیس اٹاوہ 22 تاریخ کو وارد قادیان ہوئے بعد نماز شام حضرت اقدس سے آپ نے نیاز حاصل کیا، حضرت مولانا عبدالکریم صاحب نے حضرت اقدس سے عرض کی کہ میں نے سید صاحب سے وعدہ کیا تھا کہ مقدمہ کے متعلق کچھ ذکر آپ کی زبان مبارک سے سنوایا جاوے اس پر حضور نے ایک جامع تقریر کی ......سید صاحب نے مدرسہ اور دفتر البدر و الحکم و میگزین کا معائنہ فرمایا اور خاکسار کو چند ہدایات البدر کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لیے کیں اور وعدہ فرمایا کہ میں اس کی اشاعت میں کوشش کروں گا۔

(البدر یکم مارچ 1904ء صفحہ 5 کالم 1)

پھر ایڈیٹر صاحب آپ کے مشورے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

عالی جناب سید تفضّل حسین صاحب تحصیلدار پنشنر و رئیس اٹاوہ نے البدر کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لیے مشورہ دیا ہے کہ اس میں آج کل خصوصیت سے ایک حصہ خبروں کا رکھا جاوے اور جنگ روس و جاپان کے حالات حتی الوسع بسط سے درج ہوں۔ جہاں تک غور کی جاتی ہے آپ کا مشورہ بہت ہی بیش قیمت نظر آتا ہے کیونکہ دیکھا جاتا ہے کہ اس زمانہ میں عام خبروں سے واقفیت حاصل کرنے کا بھی ایک مذاق پیدا ہو گیا ہے اور ہمارے احمدی احباب کو..... ایسے اخبار خریدنے پڑتے ہیں جن میں حضور اقدس کی ذات بابرکت پر سفاہت سے نکتہ چینی کی ہوئی ہوتی ہے اور اگر احمدی اخبار ہی اس ضرورۃ کو پورا کر دیویں تو پھر ان کو اپنے پاکیزہ مالوں کا ایک حصہ ایسے لوگوں کو کیوں دینا پڑے وہی روپیہ قادیان میں دینی مواقع پر صرف کے واسطے ارسال کر کے ثواب حاصل کر سکتے ہیں اس نیت سے اور نیز البدر کو زیادہ دلچسپ بنانے کی غرض سے آئندہ اہتمام خبر رسانی کا مسلسل طور پر رکھا جاوے گا۔

(البدر 16 مارچ 1904ء صفحہ 11 کالم 3)

قادیان کے اس سفر کے موقع پر آپ نے اٹاوہ اور اس کے نواح سے تعلق رکھنے والے آٹھ افراد کے اسماء حضور کے نومبائعین میں پیش فرمائے جن میں آپ کے بیٹے سید سراج الحسن صاحب کلرک پولیس سٹیشن گرور ضلع مین پوری اور ان کے اہل خانہ کے علاوہ آپ کے اہل خانہ بھی شامل تھے۔

(البدر 8 مارچ 1904ء صفحہ 9 کالم 1)

آمدن بارادت رفتن باجازت

27 فروری 1904ء کو عید الاضحیٰ تھی جو آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کے قدموں میں منائی اور اس شام حضرت صاحب سے واپسی کی اجازت چاہی چنانچہ 27 فروری 1904ء کی ڈائری میں لکھا ہے:۔

آج اعلیٰ حضرت ... نے (بیت) کے بالائی حصہ پر نماز مغرب ادا کی اور بعد ادائے نماز مغرب شہ نشین پر اجلاس فرما ہوئے، چند مہمانوں نے اجازت روانگی حاصل کی بعض احباب خصوصًا سید تفضّل حسین صاحب اٹاوی (جو گیارہ سال کے بعد آئے تھے) کو خطاب کر کے فرمایا کہ

آمدن بارادت رفتن باجازت۔ آپ تو سمجھتے ہی ہیں کہ کب تک آپ کو ٹھہرنا چاہئے۔

(الحکم 10 مارچ 1904ء صفحہ 5)

اخبار البدر میں ہے کہ حضور نے آپ کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ

اب تو ان کو بھی فراغت ہے اور ایک عرصہ کے بعد آئے ہیں یہ بھی چند دن رہیں۔

(البدر 16 مارچ 1904 صفحہ 3)

وفات

آپ نے 3 نومبر 1904ء کو اٹاوہ میں وفات پائی۔ خبر وفات دیتے ہوئے ایڈیٹر اخبار البدر نے لکھا:

وفات۔ 3 نومبر 1904ء کو جناب مولوی سید تفضّل حسین صاحب پنشنر تحصیلدار اٹاوہ کے اس جہان فانی سے انتقال کر جانے کی خبر مولوی عبدالمجید صاحب احمدی نے اٹاوہ سے ارسال کی ہے اور درخواست کی ہے کہ ناظرین البدر تحصیلدار صاحب موصوف کی نماز جنازہ ادا اور دعائے مغفرت فرما کر حقوق اِخوۃ ادا کریں۔

تحصیلدار صاحب موصوف کی وفات ناظرین البدر کے لیے حضرۃ مسیح موعود کا ایک نشان شمولہ بر اخبار غیب ہے ماہ فروری 04ء میں تحصیلدار صاحب قادیان تشریف لائے آپ کا ارادہ صرف چند دن قیام کا تھا لیکن حضرت اقدس نے اصرار فرما کر کچھ دن رہنے کی تاکید کی تھی اور اسی اصرار میں آپ نے اُن کو فرمایا کہ ضروری نصیحت یہ ہے کہ ملاقات کا زمانہ بہت تھوڑا ہے خدا معلوم بعد جدائی کے دوبارہ ملنے کا اتفاق ہو یا نہ ہو یہ دنیا ایسی جگہ ہے کہ دم بھر کا بھروسہ نہیں ان الفاظ کو اُسی وقت سن کر میرے دل میں یہ بات گذری کہ سید صاحب ..... دوبارہ قادیان آنے سے پیشتر واصل الی اللہ ہو جاویں گے اور ذہن کے اس طرف انتقال کی وجہ یہ تھی کہ میں نے بارہا تجربہ کیا ہے کہ حضرت مسیح موعود جب ایسے الفاظ میں کسی کو کچھ فرماتے ہیں تو وہ اس کا آخری وقت ہی ہوتا ہے۔ مبارک وہ لوگ جو زندگی کے ایام کو اپنے آقا اور امام کی اطاعت یعنی خدمت دین میں گذار کر اپنے رب کو راضی کرتے ہیں.....

(البدر 8\1 نومبر 1904ء صفحہ 13 کالم 1)

مکرم ثاقب محمود عاطف صاحب

آسٹریلیا سب سے چھوٹا براعظم

دارالحکومت: کینبرا (Canberra)
سب سے بڑا شہر: سڈنی (Sydney)
سرکاری زبان: انگریزی (English)
رقبہ: 76 لاکھ 86 ہزار 850 مربع کلومیٹر
آبادی: دو کروڑ
کرنسی: آسٹریلین ڈالر (Australian Dollar)

دنیا کا سب سے چھوٹا براعظم آسٹریلیا جنوبی نصف کرۂ ارض پر واقع ہے۔ یہ ایک ملک بھی ہے اور براعظم بھی۔ یہ چاروں طرف سے سمندر میں گھرا ہوا ہے۔ اس براعظم کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود کے دو مقدس خلفاء کے مبارک قدم اس کی سرزمین پر پڑے۔ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع یہاں 1983ء میں اور دوبارہ 1989ء میں تشریف لائے۔ جبکہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 2006ء میں اپنے مبارک وجود سے اس سرزمین کو برکت بخشی۔ یوں حضرت مسیح موعود کا یہ الہام ''میں تیری ....کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا'' بڑی شان و شوکت سے ایک دفعہ پھر پورا ہوا۔

مختصر تاریخ

آسٹریلیا میں انسان کی آبادکاری 42 ہزار سال سے 48 ہزار سال پرانی ہے۔ یہاں کے مقامی باشندے ابورجنیز (Aborigines) کہلاتے ہیں۔ سب سے پہلے جو یورپی جہازران یہاں آیا وہ ولیم جانسز (Willem Jansz) جس نے 1606ء میں Cape York کا ساحل دیکھا۔ سترہویں صدی میں ڈچ (Dutch) باشندوں نے مغربی اور شمالی ساحلوں کا نقشہ بنایا اور اس کو New Holland کا نام دیا۔ تاہم انہوں نے یہاں آبادکاری کی کوئی کوشش نہیں کی۔

1770ء میں برطانوی جہازراں جیمز کک (James Cook) نے مشرقی ساحل کے ساتھ جہازرانی کی اور اس کا نقشہ بنایا اور اس کو نیو ساؤتھ ویلز (New South Wales) کا نام دیا اور اسے نئی برٹش کالونی بنایا۔ اس نئی برٹش کالونی میں برطانوی آبادکاری 26 جنوری 1788ء کو پورٹ جیکسن (Port Jackosn) کے مقام پر کپتان آرتھر فلپ کے ذریعہ ہوئی۔ یہی تاریخ بعد میں آسٹریلیا کے قومی دن کے طور پر منائی جانے لگی یعنی آسٹریلیا ڈے (Australia Day) شروع شروع میں یہاں برطانیہ اور آئرلینڈ کے سزا یافتہ افراد کو بسایا گیا جو کہ Convicts کہلاتے تھے۔

1803ء میں تسمانیہ (Tasmania) آباد ہوا اور 1825ء میں ایک الگ کالونی بنی۔ 1829ء میں برطانیہ نے آسٹریلیا کے مغربی حصہ کو باقاعدہ اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ 1836ء میں ساؤتھ آسٹریلیا (South Australia) 1851ء میں وکٹوریہ (Victoria) اور 1859ء میں کوئینز لینڈ (Queens Land) کی کالونیاں قائم ہوئیں۔ 1863ء Northern Terrretory میں ساؤتھ آسٹریلیا کے ایک صوبہ کی حیثیت سے قائم ہوئی۔ یکم جنوری 1901ء کو یہ ساری کالونیاں وفاق میں شامل ہوئیں اور آسٹریلیا کا آئین بھی وجود میں آیا۔ 1911ء میں نیو ساؤتھ ویلز میں سے ہی Australian Capital Terretory وجود میں آئی تا کہ نئے دارالحکومت کے لئے جگہ مہیا کی جا سکے۔ میلبورن (Melbourne) 1901ء سے لے کر 1927ء تک آسٹریلیا کا دارالحکومت رہا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد بہت بڑی تعداد میں یورپین یہاں آ کر آباد ہوئے۔ 1970ء کے بعد اور سفید آسٹریلیا (White Australia) کی پالیسی کے خاتمہ کے بعد ایشیا اور دوسرے ممالک سے بھی بڑی تعداد میں لوگ آ کر یہاں آباد ہوئے۔

حکومت اور سیاسی نظام

ملکہ الزبتھ دوئم آسٹریلیا کی ملکہ ہیں اور یہاں پارلیمانی نظام یا طرز حکومت رائج ہے۔ ملک کا گورنر جنرل ملکہ کے نمائندہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور قانونی طور پر گورنر کو اختیارات حاصل ہیں تاہم وہ صرف وزیراعظم کے مشورہ اور صلاح پر ہی استعمال ہوتے ہیں۔

ملک میں تین بڑی سیاسی پارٹیاں ہیں جن میں لیبر پارٹی لبرل پارٹی اور نیشنل پارٹی شامل ہیں اس کے علاوہ چھوٹی چھوٹی اور سیاسی پارٹیاں بھی ہیں اور آزاد ممبران پارلیمنٹ بھی ہیں۔

1996ء سے لے کر اب تک لبرل پارٹی، نیشنل پارٹی کے اتحاد سے برسراقتدار ہے۔ اس اتحادی حکومت کے وزیراعظم جان ہاورڈ (John Howard) ہیں۔ جبکہ لیبر پارٹی سارے صوبوں میں برسراقتدار ہے۔ صوبوں کے سربراہ پریمیر

پاکستان سے آسٹریلیا تک



Premiers کہلاتے ہیں۔اور ریاستوں کے گورنر ملکہ کے نمائندہ ہوتے ہیں اور ریاستوں کے سربراہ Chief Ministers کہلاتے ہیں۔یہاں انتخابات ہر تین سال بعد ہوتے ہیں۔ وفاقی بھی اور صوبائی بھی۔ انتخابات میں ووٹ ڈالنا لازمی ہے۔ چاہے وہ وفاقی الیکشن ہوں یا صوبائی یا بلدیاتی انتخابات ہوں۔ووٹ نہ ڈالنے کی صورت میں جرمانہ ہوتا ہے۔ ووٹ ڈالنے کی عمر 18 سال ہے۔ووٹنگ بہت پُر امن طریقہ پر ہوتی ہے۔کوئی ہنگامہ یا طوفان نہیں اٹھتا۔ جلسے جلوس نہیں نکلتے اور نہ ہی ووٹنگ سٹیشن پر پولیس بندوقیں لے کر کھڑی ہوتی ہیں۔بلکہ مخالف پارٹیوں کے حامی بھی ایک دوسرے سے گپ شپ کر رہے ہوتے ہیں۔جس نے ووٹ ڈالنا ہوتا ہے وہ پولنگ بوتھ جا کر اپنا نام اور ایڈریس بتا کر بیلٹ پیپر لے کر ووٹ ڈال آتا ہے۔اور مزے کی بات یہ ہے کہ خاکسار جب پہلی دفعہ یہاں ووٹ ڈالنے کے لئے گیا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ جو بیلٹ بکس تھا وہ گتے کا بنا ہوا تھا اور اس پر کوئی وزنی تالے نہیں پڑے ہوئے تھے اور ایک نوجوان لڑکا صرف یہ بتانے کے لئے کھڑا ہوا تھا کہ کونسا بیلٹ پیپر کس بکس میں ڈالنا ہے۔ کیونکہ یہاں کوئی مخالف پارٹی کا امیدوار یا گورنمنٹ کا آدمی بیلٹ بکس چوری کر کے نہیں لے جاتا۔قصہ مختصر کہ ووٹنگ بہت پُر امن طریقہ پر ہوتی ہے اور کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوتا۔

موسم اور جغرافیہ

آسٹریلیا بحر ہند۔بحرالکاہل اور بحر جنوب کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ آسٹریلیا کے ساحل کی لمبائی 25ہزار 760 کلو میٹر ہے۔آسٹریلیا کا ایک بڑا حصہ صحرا اور خشک بنجر زمین پر مشتمل ہے۔ بنیادی طور پر یہ ایک خشک براعظم ہے۔

یہاں کا موسم پاکستان اور اکثر و بیشتر دنیا سے الٹا ہے۔یعنی جب پاکستان میں لوگ گرمی کی شدت سے بے حال ہوئے ہوتے ہیں یہاں پر ہم لوگ Heater کے آگے بیٹھے ہوتے ہیں۔دسمبر، جنوری وغیرہ یہاں سخت گرمی کے دن ہوتے ہیں۔تاہم گرمی کی شدت زیادہ دنوں تک نہیں رہتی۔ بارش کے بعد موسم خوشگوار ہو جاتا ہے اور چند دن پھر سکون سے گزر جاتے ہیں۔

نباتات اور حیوانات

زیادہ تر آسٹریلین پودے سارا سال سرسبز رہتے ہیں اور کافی سارے آگ اور خشک سالی کا شکار بھی ہو جاتے ہیں جن میں زیادہ تر سفیدے اور ببول کے درخت شامل ہیں۔

آسٹریلیا کے پرندوں میں Emu (شتر مرغ) اور Kukkaburra شامل ہیں۔ Koala-Platypus اور Kangroo کینگرو یہاں کے مشہور جانور ہیں۔تاہم یہ جانور عام سڑکوں پر نظر نہیں آتے Koala دیکھنے کے لئے تو چڑیا گھر وغیرہ ہی جانا پڑتا ہے۔ جبکہ کینگرو آبادی سے دور جائیں تو نظر آجاتے ہیں اور ریوڑ کی شکل میں رہتے ہیں۔سڈنی کے جس علاقہ میں ہماری بیت الھدیٰ واقع ہے وہاں پر کبھی کبھی کینگرو نظر آجاتے ہیں۔

سماجی انداز و اطوار

آسٹریلیا کی آبادی 20 ملین ہے۔اس میں زیادہ تر وہ لوگ شامل ہیں جن کے آباؤ اجداد 19ویں اور 20ویں صدی کے دوران یہاں آ کر آباد ہوئے۔ جن میں زیادہ تر کا تعلق برطانیہ اور آئرلینڈ سے ہے۔ جنگ عظیم اول سے لے کر اب تک آسٹریلیا کی آبادی 4 گنا بڑھی ہے۔خصوصاً امیگریشن پروگرام کے تحت آنے والوں کی وجہ سے 2001ء کی مردم شماری کے مطابق 23 فیصد آسٹریلین کا تعلق ان پانچ بڑے گروپوں سے تھا جو کہ سمندر پار برطانیہ، نیوزی لینڈ، اٹلی، ویت نام اور چین میں پیدا ہوئے۔

یہاں کے مقامی باشندوں یعنی ابورجینز (Aborigines) کی تعداد 2001ء کی مردم شماری کے مطابق 4 لاکھ 10 ہزار تھی۔ جو کہ کل آبادی کا 2.2 فیصد ہے۔ یہ تعداد 1976ء کی مردم شماری کے مقابلہ میں کافی زیادہ ہے اس وقت ان کی تعداد صرف 11 لاکھ 5 ہزار 953 تھی۔ ان مقامی لوگوں میں بے روزگاری بہت زیادہ ہے اور تعلیمی معیار بھی بہت گرا ہوا ہے۔

بہت سارے دوسرے ممالک کی طرح آسٹریلیا میں بھی بوڑھے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ جو کہ زیادہ تر ریٹائرڈ ہوتے جا رہے ہیں اور کام کرنے والوں کی تعداد کافی کم ہوتی جا رہی ہے۔

انگلش یہاں کی سرکاری زبان ہے جو کہ اسی فیصد لوگوں کے گھروں میں بولی جاتی ہے۔ انگریزی کے بعد عام طور پر جو زبانیں بولی جاتی ہیں ان کا تناسب چینی زبان 2.1 فیصد، اٹالین 1.9 فیصد اور گریک (Greek)1.4 فیصد ہے باہر سے آکر بسنے والوں کی ایک بڑی تعداد کی پہلی اور دوسری نسل عام طور پر دو زبانیں بولتی ہے یعنی انگریزی اور ان کی اپنی زبان۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہاں پہلے یورپی باشندوں کے پہنچنے پر یہاں کے مقامی باشندے 200 سے 300 تک مختلف زبانیں بولتے تھے۔ جن میں سے صرف 70 زبانیں ہی محفوظ رہ سکیں اور ان میں سے بھی 20 کو اپنی بقا کا خطرہ لاحق ہے۔ آسٹریلیا میں اشاروں کی زبان بھی استعمال ہوتی ہے جو کہ تقریباً 6500 بہرے لوگوں کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

آسٹریلیا کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہے تاہم 2001ء کو مردم شماری کے کوائف کے مطابق 68 فیصد آسٹریلین اپنے آپ کو عیسائی کہتے ہیں۔ جن میں 27 فیصد کا تعلق رومن کیتھولک اور 21 فیصد کا تعلق چرچ آف انگلینڈ سے ہے۔ 5 فیصد آسٹریلین نے اپنے آپ کو غیر عیسائی بتایا۔ جبکہ 16 فیصد لوگوں نے کہا کہ ہمارا کوئی مذہب نہیں ہے۔ 12 فیصد لوگوں نے اس سوال کا جواب ہی نہیں دیا کہ ان کا مذہب کیا ہے۔

ثقافت

بیسویں صدی کے وسط تک آسٹریلیا میں Anglo-caltic کلچر رائج تھا۔ یہاں کے مقامی باشندوں کا اپنا ایک الگ اور مخصوص کلچر ہے۔ تقریباً پچھلے 50 سال سے آسٹریلین ثقافت بڑی شدت سے امریکی کلچر یا ثقافت کے زیر اثر آئی ہے۔ جس کی وجہ ٹیلی ویژن اور سینما ہے۔ باہر سے آکر جو لوگ یہاں آباد ہوئے وہ بھی اپنے ساتھ اپنی روایات اور ثقافت لے کر آئے۔ ہر بڑے شہر کے اپنے اخبارات ہیں جو کہ روزانہ شائع ہوتے ہیں۔ دو قومی اخبارات ہیں جن میں ایک دی آسٹریلین اور دوسرا دی آسٹریلین فنانشل ریویو شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بے شمار لوکل اخبارات شائع ہوتے ہیں جو کہ گھروں میں مفت پہنچائے جاتے ہیں۔

آسٹریلیا کھیل کے میدان میں بھی بہت آگے ہے۔ تقریباً 23.5 فیصد آسٹریلین جو کہ پندرہ سال سے زائد عمر کے ہیں وہ کسی نہ کسی کھیل میں باقاعدہ طور پر حصہ لیتے ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر آسٹریلیا کی مضبوط ٹیمیں اپنا لوہا منواتی رہتی ہیں جن میں کرکٹ، ہاکی نیٹ بال (Net Ball) اور سوئمنگ وغیرہ شامل ہیں۔ آسٹریلیا اولمپک اور کامن ویلتھ گیمز میں باقاعدگی سے حصہ لیتا ہے۔ 1956ء اور 2000ء میں اولمپک کھیلیں آسٹریلیا میں منعقد ہوئیں۔ اس کے علاوہ 1938ء۔1962ء۔1982ء اور 2006ء کی کامن ویلتھ گیمز بھی آسٹریلیا میں منعقد ہوئیں۔

(اس مضمون کی تیاری کے لئے en.wikipedia.org سے مدد لی گئی ہے۔)

☆......☆......☆

صلائے عام

چل رہا ہے راستی کے بل پہ اپنا کارواں
ہے صلائے عام یارو! تم بنو سب پاسباں
کارواں کی پاسبانی وہ مقدس فرض ہے
جس کے بدلے مل رہا ہے نیک نامی کا جہاں
ایک دن مامن بنے گا ساری دنیا کا یہی
بجلیوں کی زد میں ہے گو آج اپنا آشیاں
راستی کے نقش سارے زندۂ جاوید ہیں
جبکہ باطل کے پجاری ہو رہے ہیں بے نشاں
راستی آبِ بقا ہے، راستی تقویٰ نشاں
اس پہ قائم ہے ازل سے گردشِ کون و مکاں
ہر طرف ہیں خیمہ زن تاریکیوں کے دَل کے دَل
نور افشاں ہے فقط اب احمدیت بے گماں
ہم چراغِ آخرِ شب بن کے چمکے بھی تو کیا؟
لو! زمامِ وقت تھامو! تم ہو اس کے سارباں

یعقوب امجد

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 66790 میں سلطان احمد

ولد رحمت خان قوم گجر پیشہ معلم وقف جدید عمر67 سال بیعت 1962ء ساکن چک سکندر 30 ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 27-1-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے(1) رہائشی 14 مرلہ مکان واقع چک سکندر نمبر30 مالیتی اندازاً-/350000 روپے(2) زرعی اراضی بارانی 8 کنال چک سکندر نمبر30 مالیتی اندازاً -/300000 روپے(3) نقدرقم-/50000 روپے اس وقت مجھے مبلغ.....روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد سلطان احمد گواہ شدنمبر1 نورالاسلام ولد چوہدری عبدالسلام گواہ شدنمبر2 ناصراحمد ولد فضل کریم

مسل نمبر 66791 میں بدر منیر احمد

ولد ماسٹر منیر احمد قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک سکندر 30 ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 30-12-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد بدر منیر احمد گواہ شدنمبر1 خضر حیات ولد چوہدری محمد اشرف گواہ شدنمبر2 عبد الحفیظ الرحمٰن راشد ولد عبداللطیف

مسل نمبر 66792 میں پرویز احمد

ولد غلام رسول قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک سکندر نمبر30 ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 12-1-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد پرویز احمد گواہ شدنمبر1 خضر حیات ولد محمد اشرف گواہ شدنمبر2 عبدالحفیظ الرحمٰن راشد ولد عبداللطیف

مسل نمبر 66793 میں مریم چوہدری

بنت مستجاب احمد قوم وڑائچ پیشہ طالب علم عمر21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لنووالی ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 15-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ مریم چوہدری گواہ شدنمبر1 مبارک احمد شمس معلم سلسلہ وصیت نمبر35230 گواہ شدنمبر2 محمد امین چیمہ مربی سلسلہ ولد محمد طفیل چیمہ

مسل نمبر 66794 میں ساجدہ ندیم

زوجہ ندیم اصغر قوم ڈھڈی جٹ پیشہ خانہ داری عمر28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لنووالی ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 17-12-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور پونے پندرہ تولے اندازاً مالیتی -/220000 روپے (2) حق مہر بصورت زیور-/50000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ساجدہ ندیم گواہ شدنمبر1 مبارک احمد شمس وصیت نمبر35230 گواہ شدنمبر2 ندیم اصغر خاوند موصیہ

مسل نمبر 66795 میں شاہد احمد

ولد عبدالشکور قوم راجپوت پیشہ ٹریکٹر مکینک عمر32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹھٹھہ سندھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 24-1-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت مکینک مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شاہد احمد گواہ شدنمبر1 محمد رضاء اللہ ظفر مربی سلسلہ وصیت نمبر 31106 گواہ شدنمبر2 عبدالشکور والد موصی

مسل نمبر 66796 میں روشن بی بی

بیوہ رشید احمد بندیشہ (مرحوم) قوم بندیشہ پیشہ خانہ داری عمر58 سال بیعت 1965ء ساکن باندھی ضلع نواب شاہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 13-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور 5 گرام مالیتی -/5000 روپے (2) حق مہر ادا شدہ -/21 روپے (3) رہائشی مکان کا 1/8 حصہ اندازاً مالیتی -/400000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ روشن بی بی گواہ شدنمبر1 معراج احمد ابڑو ولد منظور احمد ابڑو گواہ شدنمبر2 نذیر احمد ولد چوہدری برکت علی

مسل نمبر 66797 میں ماریہ رشید

بنت رشید احمد بندیشہ قوم بندیشہ پیشہ طالب علم عمر19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باندھی ضلع نواب شاہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 13-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) انگوٹھی اندازاً مالیتی -/2000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ماریہ رشید گواہ شدنمبر1 معراج احمد ولد منظور احمد گواہ شدنمبر2 نذیر احمد ولد چوہدری برکت علی

مسل نمبر 66798 میں گُل ارم

